BRAMPTON

**Media Release**

برائے فوری اجراء

## برامپٹن میں اسپورٹس ڈے کی واپسی

***نوجوانوں کو کھیلوں کو آزمانے اور رواں سیزن کے لیے رجسٹر ہونے کا موقع فراہم کرنے کے لیے سٹی، برامپٹن اسپورٹ الائنس کے ساتھ شراکت داری کر رہا ہے***

برامپٹن، آن (14 فروری 2023) – مستقبل کے تمام ایتھلیٹس کو دعوت دی جاتی ہے!

سٹی آف برامپٹن، برامپٹن اسپورٹ الائنس کے ساتھ شراکت داری میں ایک بار پھر برامپٹن میں بروز ہفتہ، 25 فروری کو سیو میکس سپورٹس سنٹر (Save Max Sports Center) میں اسپورٹس ڈے منعقد کر رہا ہے۔

یہ فلیگ شپ ایونٹ نوجوانوں کے لیے مجوزہ سائٹ پر مختلف اقسام کے کھیلوں کو آزمانے کا ایک موقع فراہم کرے گا تاکہ ہمارے نوجوان یہ جان سکیں کہ کون سا کھیل ان کے لیے بہترین ہو گا۔ وہ پروگرام کے رہنماؤں کے ساتھ بھی مشغول ہو سکتے ہیں اور آنے والے سیزن کے لیے اپنا اندراج کر سکتے ہیں۔

اس عظیم الشان موقع پر کھیلوں کے تقریباً ایک درجن گروپس موجود ہوں گے، جو موسم بہار اور موسم گرما کے کھیلوں مثلاً بیس بال، لیکروس، ساکر، ٹریک اینڈ فیلڈ، ہاکی، فٹ بال اور باسکٹ بال کے حوالے سے معلومات اور مظاہرے پیش کریں گے۔ ہر عمر اور ہر مہارت کے حامل کھلاڑیوں کا خیرمقدم کیا جائے گا۔

شرکت کنندگان کو ایک پاسپورٹ دیا جائے گا اور حوصلہ افزائی کی جائے گی کہ وہ ہر اس کھیل کے لیے ٹکٹیں جمع کریں جو وہ آزمائیں گے۔ تین یا اس سے زیادہ ٹکٹ جمع کرنے والوں کے نام انعامات جیتنے کے لیے قرعہ اندازی میں داخل کیا جائیں گے۔ برامپٹن میں اسپورٹس ڈے ایک مفت کمیونٹی ایونٹ ہے اور اس میں کسی رجسٹریشن کی ضرورت نہیں ہے۔

**تاریخ کو محفوظ کر لیں**

برامپٹن میں اسپورٹس ڈے
ہفتہ 25 جنوری | صبح 10 – دن 4 بجے تک
Save Max Sports Centre
1495 Sandalwood Pkwy E
Brampton, ON
L6R 0K2

**اقتباسات**

"یہ تقریب کھیلوں سے کہیں زیادہ بڑھ کر ہے۔ ہم جانتے ہیں کہ ٹیم کا حصہ بننے سے انسان میں لچک پیدا ہوتی ہے، تعلق کا احساس پیدا ہوتا ہے اور زندگی کی ضروری مہارتوں میں نکھار آتا ہے۔ اس طرح کے مواقع ایک صحت مندانہ اور محفوظ کمیونٹی کی تشکیل میں اہم کردار ادا کرتے ہیں اور ہم برامپٹن میں اسپورٹس ڈے پر زیادہ سے زیادہ لوگوں کو دیکھنے کے منتظر ہیں، کیونکہ ہمیں امید ہے کہ آپ کو نئے مواقع اور دوستوں کے ساتھ ایک نیا اور سب کا پسندیدہ مشغلہ ملے گا۔"

*- پیٹرک براؤن، میئر، سٹی آف برامپٹن*

" نوجوانوں کو ایک نئے جذبے سے جوڑنا ہمارے شہر کی مجموعی فلاح و بہبود کے لیے بہت ضروری ہے۔ ہم کامیابی کے مواقع پیدا کرنے کے بارے میں بہت پرجوش ہیں اور یہ موقع ہمارے اس عزم کی بھرپور عکاسی کرے گا۔ اس کا تعلق باہمی رابطے استوار کرنے

اور کمیونٹی کے لیے مزید احساس پیدا کرنے سے ہے، یہ نوجوانوں کو سیکھنے اور آگے بڑھنے کے لیے ایک محفوظ جگہ فراہم کرے گا۔"

*- رووینا سینٹوس، ریجنل کونسلر وارڈز 1 اور 5؛ چیئر، کمیونٹی سروسز*

"سٹی آف برامپٹن فعال اور صحت بخش طرز زندگی کی حوصلہ افزائی کرنے کے لیے مختلف سطحوں پر سرگرمیاں پیش کرنے کی کوششیں کرتا رہتا ہے۔ ہم اپنے رہائشیوں کی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے بہت سے اختیارات پیش کرتے ہیں اور اپنی کمیونٹیز کو صحت مند اور محفوظ بنانے کے لیے تندہی سے کام کرتے ہیں۔ رکاوٹوں سے پاک، جامع ماحول بنانے کے لیے ہماری ٹیم کا شکریہ جو نوجوانوں کو حصہ لینے اور کسی بڑی چیز کا حصہ بننے کی ترغیب دیتا ہے۔"

*- مارلون کیلیڈین، چیف ایڈمنسٹریٹو آفیسر، سٹی آف برامپٹن*

-30-

**کینیڈا میں تیز ترین رفتار سے بڑھنے والے شہروں میں سے ایک کے طور پر برامپٹن 700,000 لوگوں اور 75,000 کاروباروں کا گھر ہے۔** ہمارے ہر عمل کا مرکز عوام ہوتے ہیں۔ ہمیں اپنی متنوع کمیونٹی سے توانائی ملتی ہے، ہم سرمایہ کاری کے لیے کشش پیدا کرتے ہیں اور ہم ٹیکنالوجی اور ماحولیاتی جدت میں رہنما کردار ادا کرنے کے سفر پر نکل رہے ہیں۔ ہم اس لیے شراکت داری کرتے ہیں تاکہ ہم ایک ایسا صحت مندانہ شہر بنا سکیں جو محفوظ، قابل دوام اور کامیاب ہو۔ ہمارے ساتھ ٹوئٹر، فیس بک اور انسٹاگرام پر مربوط ہوں۔ مزید جاننے کے لیے www.brampton.ca ملاحظہ کریں۔

**میڈیا کنٹیکٹ**
سٹی آف برامپٹن ملٹی کلچرل میڈیا
multiculturalmedia@brampton.ca